© rasailojaraid.com



# دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کے بارہ میں اہم فیصلے

حضرت مہتمم صاحب کی صدارت میں تعلیمی کمیٹی کے اہم اجلاس میں آئندہ نئے داخلوں اور تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کیلئے کئی اہم فیصلے کئے گئے۔ جس میں مسئولین اساتذہ کی تقرری اور داخلے کے شیڈول پر غور اور تعلیمی کارکردگی کیلئے مسؤلین اساتذہ کی تقرری اعدادیہ سے رابعہ کے درجات کو بہتر سے بہتر بنانے کیلئے کیا گیا جو ان درجات کے امتحانات داخلہ اور پورے سال کے تعلیمی' اخلاقی معیار کی سختی سے نگرانی کریں گے۔ اور ہر ماہ اساتذہ طلبہ کی کارکردگی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## درس نظامی

| درجات | ایام | تاریخ |
|---|---|---|
| تمام درجات کے قدیم طلباء (اعدادیہ تا موقوف علیہ) | بدھ | یکم نومبر ۲۰۰۶ء |
| جدید دورہ حدیث وقدیم طلباء | جمعرات | ۲/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| تعطیل | جمعہ | ۳/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| دورہ حدیث جدید موقوف علیہ جدید | ہفتہ | ۴/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| درجہ تکمیل' سادسہ | اتوار | ۵/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| درجہ خامسہ | پیر | ۶/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| درجہ رابعہ | منگل | ۷/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| ثالثہ' ثانیہ | بدھ | **افتتاح** ۸/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| اعدادیہ' متوسطہ' اولیٰ | جمعرات | ۹/ نومبر ۲۰۰۶ء |

**شعبہ حفظ** درجہ حفظ میں داخلہ کے خواہشمند طلباء کی درخواستیں ۱۵ رمضان سے ۱۰ شوال تک دفتر اہتمام میں جمع کی جائینگی۔ حفظ کے خواہشمند طلباء ٹیسٹ اور انٹرویو وغیرہ کیلئے یکم اور دو نومبر بروز 'بدھ' جمعرات صبح 9:00 کو دارالعلوم حقانیہ بلائینگے۔ صرف وہ امیدوار درخواست دیں جو قرآن ناظرہ سے پڑھ چکے ہوں۔ عمر ۱۳ سال سے متجاوز نہ ہو۔ دو پارے پہلے سے یاد کرنے والوں کو ترجیح دی جائیگی۔

## درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء و تخصص فی الحدیث

درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتا و تخصص فی الحدیث کیلئے درخواستیں یکم نومبر تا 4 نومبر وصول کی جائیں گی۔ امتحانی ٹیسٹ 5 نومبر بروز اتوار صبح 10 بجے ہوگا۔ جن میں دارالعلوم حقانیہ کے فضلاء اور وفاق کے امتحان میں کم از کم جید جداً حیثیت حاصل کرنے والوں کو ترجیح دی جائیگی۔ نیز اردو' عربی زبانوں پر بھی مکمل عبور حاصل ہو۔ **نوٹ: ۱** (ا) تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کا دورانیہ 2 سال ہوگا۔

**نوٹ: ۲** امسال درجہ اعدادیہ سے لیکر بشمول درجہ سادسہ اسباق اردو میں بھی پڑھائے جائیں گے۔ لہذا اردو زبان سمجھنے والے طلباء کرام داخلہ لے سکتے ہیں۔ درجہ متوسطہ میں وہ طلباء داخلہ لینگے جو کہ ساتویں جماعت پاس ہو۔

**نوٹ: ۳** حسب سابق دارالعلوم حقانیہ کے کتب میں داخل شدہ طلباء میں جو طلباء قراۃ والتجوید میں داخلہ لیں گے' مقررہ اوقات میں قراۃ وتجوید پڑھایا جائے گا اور آخر میں سند دی جائے گی۔

**دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال کا باضابطہ آغاز ان شاء اللہ 8 نومبر ۲۰۰۶ء بروز بدھ ہوگا**

© rasailojaraid.com